2024-09-14

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ بیگم

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---------------------------------------------------------------

1 جموں وکشمیر اور ہریانہ میں اسمبلی انتخابات کیلئے چناؤ مہم میں تیزی آگئی ہے۔

2 وزیراعظم اور بی جے پی کے سینئر رہنما نریندر مودی جموں وکشمیر میں ڈوڈا، اور ہریانہ میں کروکشیتر میں ریلیوں کا انعقاد کریں گے۔ کانگریس اور دیگر علاقائی پارٹیاں بھی ووٹروں کو راغب کرنے کی کوششوں میں مصروف ہیں۔

3 مرکز نے گیہوں کی قیمتوں کو بڑھنے سے روکنے اوراِس کے ذخیرہ کرنے کی حد، نئے سرے سے طے کی ہے۔

4 آج پورے ملک میں ہندی دِوس منایا جارہا ہے۔ وزیرداخلہ امت شاہ نئی دلّی میں اِس سرکاری زبان کی ڈائمنڈ جوبلی تقریبات کی افتتاحی تقریب سے خطاب کریں گے۔

5 آسام کابینہ نے بے ضابطہ جمع کی گئی رقوم اور غیرقانونی کاروبار گھوٹالوں سے متعلق درج کیے گئے سبھی کیسوں کو، تحقیقات کیلئے CBI کے سپرد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

6 اور ہاکی میں، آج دوپہر چین کے شہر Hulunbuir میں مردوں کے ایشین چمپئن ٹرافی ٹورنامنٹ کے فائنل پول میچ میں، بھارت کا مقابلہ پاکستان سے ہوگا۔

اب خبریں تفصیل سے۔

Campaigning J&K Haryana

جموں وکشمیر میں اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے چناؤ مہم زور شور سے جاری ہے۔ اِس مرحلے کے تحت اِس مہینے کی 18 تاریخ کو 24 اسمبلی حلقوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔ بڑی سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ رہنما، ووٹروں کو اپنی طرف راغب کرنے کی کوئی کوشش باقی نہیں رکھ رہے ہیں۔

وزیراعظم اور بی جے پی کے سینئر رہنما نریندر مودی آج ڈوڈا ضلعے میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کریں گے۔ کانگریس اور نیشنل کانفرنس بھی اپنے اپنے پارٹی امیدواروں کیلئے مہم چلارہی ہیں۔

جموں وکشمیر بی جے پی کے چیف ترجمان سنیل سیٹھی نے کَل جموں میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کیا۔ انہوں نے نیشنل کانفرنس اور کانگریس پر، کشمیر میں گن کلچر لانے اور علیحدگی پسندی، نیز دہشت گردی کو بڑھاوا دینے کا الزام لگایا۔

انہوں نے مزید کہاکہ وزیراعظم نریندر مودی نے مرکز کے زیرانتظام اِس علاقے میں امن قائم کیا ہے۔ انہوں نے جموں وکشمیر میں ہمہ جہت ترقی کا یقین دلایا۔

اسی دوران سابق وزیراعلیٰ اور ڈیموکریٹک پروگریسیو آزاد پارٹی کے چیئرمین غلام نبی آزاد نے کَل جنوبی کشمیر کے Dooru، قاضی گُنڈ اور دیوسَر میں تین عوامی جلسوں سے خطاب کیا۔ ریلیوں سے خطاب کرتے ہوئے جناب آزاد نے جموں وکشمیر میں عوام کے حقوق کے تحفظ کیلئے اپنے عزم پر زوردیا۔

مرکز کے زیرانتظام اِس علاقے میں تین مرحلوں کے تحت پولنگ کرائی جائے گی۔ دوسرے مرحلے کی پولنگ اِس مہینے کی 25 تاریخ اور تیسرے مرحلے کی پولنگ یکم اکتوبر کو کرائی جائے گی۔

اسی دوران کُل اسمبلی انتخابات کے آخری مرحلے کیلئے داخل کیے گئے کاغذاتِ نامزدگی کی جانچ پڑتال کے بعد، 449 امیدواروں کے پرچے صحیح پائے گئے۔ نامزدگی واپس لینے کی آخری تاریخ 17 ستمبر ہے۔

انتخابی مہم ہریانہ میں بھی زور پکڑ گئی ہے۔ یہاں ایک ہی مرحلے میں اسمبلی انتخابات کرائے جائیں گے۔ 90 رکنی اسمبلی کیلئے ووٹنگ پانچ اکتوبر کو ہوگی۔

وزیراعظم اور بی جے پی کے سینئر رہنما نریندر مودی آج ریاست میں اپنی پارٹی مہم کا آغاز کریں گے۔ وہ کروکشیتر کے تھیم پارک میں انتخابی ریلی کا انعقاد کریں گے۔ ہریانہ میں جناب مودی کی یہ پہلی انتخابی ریلی ہوگی۔

کانگریس اور دیگر علاقائی پارٹیاں بھی یہاں ووٹروں کو راغب کرنے کی پوری کوششیں کر رہی ہیں۔

ریاست میں کُل کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال کے بعد ایک ہزار 747 میں سے ایک ہزار 561 امیدواروں کے پرچے صحیح پائے گئے۔ نامزدگی واپس لینے کی آخری تاریخ اِس مہینے کی 16 ہے۔

ہریانہ اور جموں وکشمیر میں اسمبلی انتخابات کے ووٹوں کی گنتی اگلے مہینے 8 تاریخ کو کی جائے گی۔ x

Centre Wheat Stock

مرکز نے گیہوں کی قیمتوں کو بڑھنے سے روکنے اور اِس کی ذخیرہ اندوزی پر قابو پانے کیلئے تاجروں، تھوک کاروباریوں، بڑے خوردہ فروشوں اور اِس کی پروسیسنگ کرنے والوں کیلئے اِس کے ذخیرے کی حد نئے سرے سے مقرر کی ہے۔

صارفین امور، خوراک اور تقسیم عامہ کی وزارت نے ایک بیان میں کہاکہ اب تاجروں اور تھوک کاروباریوں کیلئے گیہوں ذخیرہ کرنے کی حد، 2 ہزار میٹرک ٹن ہوگی جبکہ اِس سے پہلے یہ حد تین ہزار میٹرک ٹن تھی۔

Processors کیلئے یہ حد، مالی سال 2024-25 کے بقیہ مہینوں سے، اُن کی ماہانہ صلاحیت کی 70 فیصد سے کم کرکے 60 فیصد کردی گئی ہے۔

10 ٹن گیہوں ذخیرہ کرنے والے انفرادی خوردہ فروشوں کیلئے، ذخیرہ کرنے کی حد میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔بڑے خوردہ فروش اپنی ہر دوکان میں 10 میٹرک ٹن تک گیہوں رکھ سکتے ہیں۔

وزارت نے گیہوں کو ذخیرہ کرنے کی حد اِس سال 24 جون کو مقرر کی تھی۔ یہ پابندی، سبھی ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام علاقوں میں اگلے سال 31 مارچ تک جاری رہے گی۔ x

Govt Basmati RIce

حکومت نے باسمتی چاول کی برآمد کے مقصد سے، رجسٹریشن اور ایلوکیشن سر ٹیفکیٹ جاری کرنے کیلئے، چاول کی برآمد پر 950 ڈالر فی ٹن کی کم سے کم قیمت ختم کردی ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں تجارت و صنعت کے وزیر پیوش گوئل نے یہ کہتے ہوئے اِس فیصلے کو سراہا کہ اعلیٰ درجے کے چاول کی برآمد سے، کسانوں کی آمدنی میں اضافہ ہوگا۔

جناب گوئل نے کہاکہ نریندر مودی حکومت کے اِس فیصلے سے، کسانوں کے تئیں حساسیت کا اظہار ہوتا ہے۔ x

Govt Oil Custom Duty

حکومت نے خام تیل پر کسٹمز ڈیوٹی میں 20 فیصد اور ریفائنڈ سورج مُکھی تیل پر کسٹمز ڈیوٹی میں 32 اعشاریہ پانچ فیصد کا اضافہ کیا ہے۔ اِس تبدیلی کا اطلاق آج سے ہوگیاہے۔ خزانے کی وزارت کی طرف سے جاری ایک نوٹیفیکیشن کے مطابق، خام پام، سویابین اور سورج مکھی تیل پر، 20 فیصد کسٹمزڈیوٹی لاگو کی گئی ہے۔ اِن تیلوں پر ابھی تک یہ ڈیوٹی  لاگو نہیں تھی۔

خام تیل پر لاگو ڈیوٹی ساڑھے پانچ فیصد سے بڑھاکر 27 اعشاریہ پانچ فیصد کردی گئی ہے جبکہ ریفائنڈ تیلوں پر عائد 13 اعشاریہ ساٹ پانچ فیصد ڈیوٹی میں اضافہ کرکے اِسے  35 اعشاریہ ساٹ پانچ فیصد کردیا گیا ہے۔ x

Shah Security

مرکزی وزیر داخلہ جناب امت شاہ نے کل نئی دلی میں 7ویں قومی سلامتی اسٹریٹیجک کانفرنس کا افتتاح کیا۔

انھوں نے پولیس ڈائریکٹر جنرلز اور پولیس انسپکٹر جنرلز IGsP کانفرنس کی سفارشات کے ڈیش بورڈ کا بھی آغاز کیا۔ دو روزہ کانفرنس کے دوران، حکومت ریاستوں، مرکز کے انتظام والے علاقوں مرکزی مسلح پولیس فورسز کے اعلی عہدیداروں اور مرکزی پولیس تنظیموں کے ساتھ قومی سلامتی کو درپیش ابھرتے ہوئے چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے نقشِ راہ کا خاکہ تیار کرے گی۔

پورے ملک سے 750 سے زیادہ افسران اس کانفرنس میں شرکت کر رہے ہیں یہ کانفرنس فزیکل اور ورچوئل دونوں وسیلوں کو یکجا کرتے ہوئے ہائبرڈ فارمیٹ میں کی جا رہی ہے۔x

J&K Encounter

جموں و کشمیر کے، کشتواڑ ضلعے میں دہشت گردوں کے ساتھ ایک تصادم میں فوج کے دو اہلکاروں کی موت ہوگئی اور دیگر دو زخمی ہوگئے۔ خفیہ خبر ملنے کے بعد سکیورٹی فورسز نے کشتواڑ ضلعے کے Chhatroo کے Naidgham علاقے میں کَل مشترکہ طور پر محاصرے اور تلاش کی کارروائی شروع کی۔ کارروائی کے دوران سکیورٹی فورسز اورNaidgham گاؤں کے Pingnal Dugadda جنگلاتی علاقے میں روپوش دہشت گردوں کے درمیان گولی باری شروع ہوگئی۔

اِس تصادم میں چار فوجی گولی لگنے سے زخمی ہوگئے۔ اِس کے بعد دو فوجی اہلکار، علاج کے دوران زخموں کی تاب نہ لاکر چل بسے۔ وہیں دیگر دو زخمی فوجیوں کی حالت مستحکم بتائی جاتی ہے۔ تلاشی کی کارروائی جاری ہے اور مزید تفصیلات کا انتظار ہے۔

اس دوران شمالی کشمیرکے بارہمولہ ضلعے کے Pattan کے Chak Tapper علاقے میں سیکیورٹی فورسز اور دہشت گردوں کے درمیان گذشتہ رات تصادم کا ایک اور واقعہ پیش آیا۔ پولس ذرائع کے مطابق آخری خبریں ملنے تک تصادم جاری تھا۔x

NIA Serches

قومی تحقیقاتی ایجنسی NIA نے، پنجاب میں بہت سی جگہوں پر تلاشی کی کارروائی کی ہے۔ یہ کارروائی، کینیڈا میں بھارتی ہائی کمیشن پر مبینہ طور پر خالصتان حامیوں کے ہاتھوں کیے گئے حملے کی تحقیقات کے سلسلے میں کی گئی ہے۔ تلاشی کی یہ کارروائی کَل موگا، امرتسر، گرداس پور اور جالندھر میں کی گئی۔ اِن جگہوں کا تعلق، ملزم خالصتانی لیڈر امرجوت سنگھ اور اُس کے ساتھیوں سے ہے۔

پچھلے سال ایجنسی نے، Ottawa میں بھارتی مشن کے باہر، خالصتان حامیوں کی طرف سے مظاہرے کیے جانے پر ایک کیس درج کیا تھا۔ تحقیقات کے مطابق امرجوت نے اِن مظاہروں کی قیادت کی تھی۔ مظاہرین نے، مارچ 2023 کو، بھارت مخالف نعرے لگائے تھے۔ ہائی کمیشن کی باہری دیوار پر ایک خالصتانی جھنڈا لگایا تھا اور عمارت کے اندر دو گولے پھینکے تھے۔x

BREAK

خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Shah Raj Basha

آج پورے ملک میں ہندی دِوس منایا جا رہا ہے۔ 1949 میں آج ہی کے دن آئین ساز اسمبلی نے دیوناگری رسم الخط میں ہندی زبان کو ملک کی سرکاری زبان کے طور پر اپنایا تھا۔ آج ہندی پوری دنیا میں وسیع پیمانے پر بولی والی زبانوں میں سے ایک ہے اور یہ 52 کروڑ سے زیادہ لوگوں کی پہلی زبان ہے۔ اس موقع پر مرکزی وزیر داخلہ جناب امت شاہ آج نئی دلی میں سرکاری زبان کے 75برس مکمل ہونے کی تقریبات کے افتتاحی اجلاس اور چوتھے اکِھل بھارتیہ راج بھاشا سمّیلن سے خطاب کریں گے۔

سرکاری زبان کا محکمہ ہندی زبان کے سرکاری زبان بننے کے 75 برس مکمل ہونے کی یاد میں یہ کانفرنس منعقد کر رہا ہے۔ ہندی دوس کے موقع پر آج جناب شاہ راج بھاشا بھارتی رسالے کے ڈائمنڈ جوبلی خصوصی شمارے کا بھی اجرا کریں گے اور راج بھاشا گورو اور راج بھاشا کیرتی ایوارڈ بھی پیش کریں گے۔x

Shah Hindi Diwas

وزیر داخلہ امت شاہ نے آج ہندی دوس کے موقع پر ملک کے عوام کو مبارکباد دی ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب شاہ نے کہا کہ سبھی بھارتی زبانیں ملک کے لیے باعث فخر ورثہ ہیں اور ان کو فروغ دیے بغیر ترقی ممکن نہیں ہے۔

انھوں نے بات کو اجاگر کیا کہ سرکاری زبان ہندی کے ساتھ ہر ایک بھارتی شہری کا اٹوٹ رشتہ ہے۔x

PMAY Shivraj

وزیر اعظم نریندر مودی، پردھان منتری آواس یوجنا گرامین PMAY-G کی، جمشیدپور میں منعقد ہونے والی ایک تقریب میں، جھارکھنڈ کے مستفدین کو، پہلی قسط منتقل کریں گے۔ نئی دلّی میں کَل نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے دیہی ترقی کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کہاکہ وزیراعظم، ریاست کے تقریباً 20 ہزار لوگوں کو منظوری نامے تقسیم کریں گے۔ اِس کے علاوہ پانچ ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کی رقم، محض ایک بٹن دباکر، لوگوں کے بینک کھاتوں میں براہ راست منتقل کی جائے گی۔ انہوں نے یہ بھی کہاکہ 46 ہزار لوگوں کے، نوتعمیر شدہ گھروں کیلئے، گرہ پرویش کی تقریب منعقد کی جائے گی۔

S/B Shivraj Chouhan

وزیراعظم، پیر کو گجرات میں اور منگل کو اڈیشہ سمیت، اُن سبھی دیگر ریاستوں میں یہ رقم منتقل کریں گے، جہاں ضابطہ عمل لاگو نہیں ہے۔ x

PM Vande Bharat

وزیراعظم نریندر مودی، کَل جھارکھنڈ کے شہر جمشیدپور میں، 6 وندے بھارت ایکسپریس ریل گاڑیوں کو جھنڈی دکھاکر روانہ کریں گے۔ اِن ایکسپریس ریل گاڑیوں

کا افتتاح، ٹاٹا نگر ریلوے اسٹیشن پر منعقد ہونے والی ایک شاندار تقریب میں کیاجائے گا۔ یہ سبھی ریل گاڑیاں ریاست سے مربوط ہیں۔

اِن ریل گاڑیوں کے افتتاح کے علاوہ اِس تقریب میں، جھارکھنڈ میں بہت سے اہم ریلوے پروجیکٹوں کا آغاز بھی کیا جائے گا، جس سے علاقائی بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے کے حکومت کے عزم کا اظہار ہوتا ہے۔ ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو، وندے بھارت ریل گاڑیوں کو روانہ کیے جانے کی تقریب کیلئے جاری تیاریوں کا جائزہ لینے کیلئے آج شام ٹاٹانگر ریلوے اسٹیشن جائیں گے۔

وزیراعظم کَل جمشید پور میں گوپال میدان میں ایک عوامی جلسے بھی خطاب کریں گے۔ x

Assam Cabinet CBI

آسام میں ریاستی کابینہ نے، بے ضابطہ جمع کی گئی رقوم اور غیرقانونی کارروبار گھوٹالوں کے سلسلے میں درج کیے گئے سبھی کیسوں کو، تحقیقات کیلئے CBI کے حوالے کردیا ہے۔ کابینہ نے داخلہ اور خزانہ کے محکموں کو بھی ہدایت دی ہے کہ وہ مشترکہ طور پر، مستقبل میں اِس طرح کی سرگرمیوں کی روک تھام کیلئے، کام کاج کا ایک معیاری طریق کار تیار کریں۔

حال ہی میں غیرقانونی آن لائن کاروبار گھوٹالے کے سلسلے میں بہت سی FIRs درج کی تھی اور لوگوں نے اِس معاملے پر پوری ریاست میں مختلف جگہوں پر مظاہرے کیے تھے۔

اِس سلسلے میں ابھی تک 61 لوگوں کو گرفتار کیا گیا ہے، 22 لوگوں کیلئے Look-out سرکُلرز جاری کیے گئے ہیں اور 14 خصوصی تحقیقاتی ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں۔

ہمارے نامہ نگار نے بتایاکہ محض تین بڑی دھوکے باز  آن لائن سرمایہ کار کمپنیوں نے ہی لوگوں کی گیارہ ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کی رقم حاصل کی ہے۔ x

Telangana Transgenders

تلنگانہ سرکار نے مخنثوں کیلئے مخصوص سرکاری ملازمتوں اور سماجی بہبود کے پروگرام کا اعلان کیا ہے، جس کے تحت اِن افراد کو، ٹریفک بندوبست کی تربیت دی جائے گی اور اُن کا تقرر کیا جائے گا۔ ریاستی سرکار نے دعویٰ کیا ہے کہ مخنثوں کیلئے مخصوص سرکاری ملازمتوں کا، یہ ابھی تک کا پہلا پروگرام ہے۔ وزیراعلیٰ اے ریونت ریڈی کے اعلان کردہ اِس پروگرام کے مطابق، مخنث افراد کی شناخت اور تقرر کے بعد، اُنہیں حیدرآباد ٹریفک پولیس کی خصوصی تربیت دی جائے گی۔ x

Tributes Ychury

کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا مارکسسٹ کے جنرل سکریٹری آنجہانی سیتا رام یچوری کو مختلف سیاسی رہنماؤں نے کَل شام دلی میں واقع ان کی رہائش گاہ پر خراجِ عقیدت پیش کیا۔  72 سالہ آزمودہ کار رہنما کا جمعرات کے روز نئی دلی کے آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز، AIIMS میں لمبی بیماری کے بعد انتقال ہو گیا تھا۔ خراجِ عقیدت پیش کرنے والوں میں کیرالہ کے گورنر عارف محمد خان، کیرالہ کے وزیراعلیٰ پنّا رائی وِجَین، آندھرا پردیش کے وزیراعلیٰ چندرا بابو نائیڈو اور BJP کے قومی صدر جے پی نڈّا شامل تھے۔

جناب سیتا رام یچوری کے جسدِ خاکی کو آج قومی راجدھانی میں پارٹی کے صدر دفتر AK گوپالن بھون میں رکھا جائے گا، جہاں عوام صبح گیارہ بجے سے سہ پہر تین بجے تک اُن کا دیدار کر سکیں گے اور خراجِ عقیدت پیش کر سکیں گے۔ اِس کے بعد

اُن کے جسدِ خاکی کو AIIMS لے جایا جائے گا جہاں اُن کی وصیت کے مطابق اُن کے جسم کو طبی تحقیق کے لیے عطیہ کیا جائے گا۔x

Hockety Asian Champ

ہاکی میں چین کے Hulunbuir میں جاری مردوں کے ایشین چیمپئن ٹرافی ٹورنامنٹ کے پانچویں اور فائنل پول میچ میں بھارت کا مقابلہ آج روایتی حریف پاکستان سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق دوپہر سوا ایک بجے شروع ہوگا۔

چار مرتبہ کی چیمپن رہی بھارتی ٹیم، سیمی فائنل کے لیے پہلے ہی کوالیفائی کر چکی ہے۔ بھارتی ٹیم نے لیگ مرحلے میں جنوبی کوریا کو شکست دیتے ہوئے اپنی لگاتار چوتھی جیت درج کی۔ ہرمن پریت سنگھ کی قیادت والی بھارتی ٹیم ٹورنامنٹ میں اب تک ناقابل تسخیر رہی ہے۔

بھارتی ٹیم پوائنٹس ٹیبل میں 12 پوائنٹس کے ساتھ   فی الحال سب سے اوپر ہے۔ پاکستان کے ساتھ آج ہونے والے مقابلے سے قطعِ نظر، بھارتی ٹیم راؤنڈ روبن مرحلے میں پہلی پوزیشن پر رہے گی۔ x

Diamond League

ڈائمنڈ لیگ 2024 کے فائنل میں دو مرتبہ اولمپک میں تمغہ جیتنے والے بھارت کے ایتھلیٹ نیرج چوپڑا آج رات بیلجیئم کے برَسلز میں اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔ نیرج، بھالا پھینکنے کے مقابلے میں اپنے جوہر دکھائیں گے۔

ڈائمنڈ لیگ میں نیرج کا شاندار ریکارڈ رہا ہے جہاں انھوں نے سال2022 کا فائنل جیتا تھا اور سال 2023  میں دوسرے نمبر پر رہے تھے۔ سال 2024کے سیزن میں

نیرج نے دو مقابلوں میں 14 پوائنٹ حاصل کیے ہیں جس کے بعد وہ مجموعی درجہ بندی میں چوتھے مقام پر پہنچ گئے ہیں۔x

Congo Death

کانگو میں، آج ایک فوجی عدالت نے 37 افراد کو موت کی سزا سنائی ان میں تین امریکی، ایک برطانوی، ایک بیلجیم میں اور ایک کناڈا کا شہری شامل ہے۔ ان افراد کو بغاوت کی ایک کوشش میں شامل ہونے کی پاداش میں یہ سزا سنائی گئی ہے۔

ان افراد پر الزام ہے کہ انھوں نے اس برس مئی میں صدارتی محل اور صدر Elix Tshisekedi کے ایک حامی کے گھر پر حملہ کیا تھا۔

حملے کی سازش کا مشتبہ قصوروار Christian Malaya حملے کے دوران پانچ دیگر افراد کے ساتھ مارا گیا تھا۔

IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات نے شمال مغربی خلیج بنگال کے اوپر ہوا کے دباؤ کے زیر اثر آج گنگائی مغربی بنگال، اوڈیشہ، بہار، جھارکھنڈ، اور چھتیس گڑھ میں شدید سے انتہائی شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔

آج اتراکھنڈ میں بھی انتہائی شدید بارش کا امکان ہے۔ اس کے علاوہ محکمۂ موسمیات نے اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور اور بہار کے اگلے دو سے تین دن کے دوران شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔

اس دورن محکمے نے دلی اور قومی راجدھانی ضلعNNCR میں عام طور پر مطلع ابرآلود رہنے اور اوسط بارش ہونے کے امکان کا اظہار کیا ہے۔

یہ تھی خبریں

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......ضمیر رضوی

شکریہ - شبانہ

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے زیادہ تر اردو اخباروں نے آج مختلف خبروں کو نمایاں جگہ دی ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ کے اُس بیان کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے جس میں انھوں نے ملک کو ذاتی مفادات اور سیاسی اختلافات سے بالاتر رکھنے کی اپیل کی۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے انڈومان و نکوبار جزائر کی راجدھانی پورٹ بلیئر کا نام تبدیل کرکے سری وجئے پورم کئے جانے کی خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ اس بارے میں مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے سوشل میڈیا پر جانکاری دی۔

روزنامہ انقلاب نے دلی کے وزیراعلیٰ اروند کیجریوال کی سپریم کورٹ کی جانب سے ضمانت پر رہائی کی خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے بھارت کے ریزرو بینک کے گورنر شکتی کانت داس کے اُس بیان کو نمایاں جگہ دی ہے جس میں انھوں نے کہا ہے کہ ملک کی اقتصادی ترقی کی شرح ساڑھے سات فیصد سے زیادہ ہو سکتی ہے۔ گورنر نے مالیاتی استحکام میں پیش رفت، عوامی قرضوں میں کمی اور کارپوریٹ کارکردگی کو مثبت عوامل قرار دیا۔

روزنامہ ملاپ نے دلی اور NCR میں شدید بارش کی خبر کواہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ محکمہ موسمیات نے راجدھانی اور NCR میں اگلے کچھ دنوں تک شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔x

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 جموں وکشمیر اور ہریانہ میں اسمبلی انتخابات کیلئے چناؤ مہم میں تیزی آگئی ہے۔

2 وزیراعظم اور بی جے پی کے سینئر رہنما نریندر مودی جموں وکشمیر میں ڈوڈا، اور ہریانہ میں کروکشیتر میں ریلیوں کا انعقاد کریں گے۔ کانگریس اور دیگر علاقائی پارٹیاں بھی ووٹروں کو راغب کرنے کی کوششوں میں مصروف ہیں۔

3 مرکز نے گیہوں کی قیمتوں کو بڑھنے سے روکنے اور اِس کے ذخیرہ کرنے کی حد، نئے سرے سے طے کی ہے۔

4 آج پورے ملک میں ہندی دِوس منایا جارہا ہے۔ وزیرداخلہ امت شاہ نئی دلّی میں اِس سرکاری زبان کی ڈائمنڈ جوبلی تقریبات کی افتتاحی تقریب سے خطاب کریں گے۔

5 آسام کابینہ نے بے ضابطہ جمع کی گئی رقوم اور غیرقانونی کاروبار گھوٹالوں سے متعلق درج کیے گئے سبھی کیسوں کو، تحقیقات کیلئے CBI کے سپرد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

6 اور ہاکی میں، آج دوپہر چین کے شہر Hulunbuir میں مردوں کے ایشین چمپئن ٹرافی ٹورنامنٹ کے فائنل پول میچ میں، بھارت کا مقابلہ پاکستان سے ہوگا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-------------------------------------